37706 ـ رمضان میں خوشبولگانا

سوال

کیا رمضان المبارک میں خوشبولگانا مشروع ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

رمضان المبارک میں خوشبواستعمال کرنا جائز ہے ، اوراس کے استعمال سے روزہ فاسد نہیں ہوتا ۔

فتاوی اللجنۃ الدائمۃ میں ہے کہ :

(مطلقاخوشبو وہ عطر ہو یا دوسری روزے کو فاسد نہیں کرتیں رمضان ہویا غیر رمضان روزہ نفلی ہو یا فرضی اس پر کچھ اثرنہیں ہوتا) ا ھـ

اورایک دوسرے فتوی میں لجنۃ کا کہنا ہے :

(جس نے کسی بھی قسم کی خوشبوروزے کی حالت میں استعمال کی اس کا روزہ فاسد نہیں ہوگا ، لیکن اسے دھونی خوشبوکا پاوڈر نہیں سونگنا چاہیے مثلا کستوری پاوڈر) ا ھـ

دیکھیں اللجنۃ الدائمۃ (10 / 271) ۔

اورشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

روزے دار کے لیے دن کے شروع اورآخر میں خوشبو استعمال کرنی جائز ہے چاہے وہ دھونی ہو یا تیل کی شکل وغیرہ میں ، لیکن دھونی سونگنا جائز نہیں کیونکہ اس کے محسوس اورمشاھد اجزاء ہیں جن کے سونگنے سے وہ معدہ میں داخل ہوتےہیں ، اوراسی لیے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لقیط بن صبرہ رضي اللہ تعالی عنہ کو فرمایا تھا :

(ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کیا کرو لیکن روزے کی حالت میں مبالغہ نہ کرو) ا ھـ

دیکھیں : فتاوی ارکان الاسلام صفحہ (469) ۔

والله اعلم .